Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 15 | جمعرات، 20 جون 2024ء، 13 ذوالحجہ 1445ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 90

جیل کیفارمز ایجنڈا ایرتیزی سے عملدرآمد ہو رہا ہے، نورالامین مینگل

سیکرٹری داخلہ پنجاب کے عیدالاضحیٰ پر لاہور اور فیصل آباد جیلوں کے دورے، قیدی بچوں سے عید ملی، انکے ہمراہ کھانا کھایا

جیل میں بچوں تعلیم و تربیت پر خصوصی توجہ دینے کی ہدایت؛ ملاقاتی ایریا میں قیدیوں اور انکے اہل خانہ سے بھی ملاقات

لاہور: وزیراعظم شہباز شریف ماڈل ٹاؤن میں عیدالاضحیٰ کی نماز کی ادائیگی کے بعد دعا مانگ رہے ہیں

لاہور (این این آئی) سیکرٹری داخلہ پنجاب نور الامین مینگل نے عیدالاضحیٰ ڈیلٹ میں گزاری، سیکورٹی انتظامات کی نگرانی کرتے رہے اور لاہور اور فیصل آباد جیلوں میں قیدیوں خصوصاً بچوں کے ہمراہ وقت گزارا۔ نورالامین مینگل صبح کی صبح بادشاہی مسجد میں نماز عید کی ادائیگی کے بعد ڈی جی اینٹی کنٹرول روم پہنچے جہاں سے شہر کے مختلف مقامات پر سیکورٹی اور صفائی کے انتظامات کا جائزہ لیا۔ (بقیہ نمبر 5 5)

اسحاق ڈار کا جاگران 2 پن بجلی منصوبے کا دورہ

منصوبے کی تکمیل سے مقامی آبادی کو روزگار کے مواقع ملیں گے

تعلیم، زراعت اور صنعتی ترقی سمیت سیاحت کو فروغ ملے گا، نائب وزیراعظم

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم اور محکمہ توصل و مواصلات و سکیورٹی کے انچارج دی اسحاق ڈار نے ٹیلم آزاد کشمیر میں زرتعمیر جاگران 2 پن بجلی منصوبے کی پروسٹ تکمیل کیلئے ایکسٹینز (بقیہ نمبر 27)

بیرون ملک جانے والے 3 مسافروں کو آف لوڈ کر دیا گیا

ملزمان وزٹ ویزے پر آڑ بایجان جا رہے تھے، سامان سے جعلی اٹلی ریزیڈنٹ کارڈ برآمد

لاہور (این این آئی) ایف آئی اے امیگریشن نے لاہور والے 3 مسافروں کو آف لوڈ کر دیا۔ ترجمان کے مطابق شاہد انٹرپورٹ پر بڑی کارروائی کرتے ہوئے بیرون ملک جانے صہیب، محمد طیب اور محمد الطاف (بقیہ نمبر 30)

وزیراعظم کی افواج پاکستان کے سربراہان کو مبارکباد

ہمارے جوان وطن کے دشمنوں اور دہشتگردوں کے ناپاک عزائم کو ناکام بنا رہے ہیں، شہباز شریف

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے افواج پاکستان کے سربراہان کو عیدالاضحیٰ کی مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہمارے جوان وطن کے دشمنوں اور (بقیہ نمبر 29)

وزیر بلدیات عید کے تینوں ایام میدان میں فیلڈ میں متحرک رہے

لاہور، شیخوپورہ، گوجرانوالہ، وزیرآباد، گجرات، سمبڑیال، ڈسکہ اور سیالکوٹ کے دورے

لاہور (این این آئی) وزیر بلدیات و آبپاشی پنجاب عبر میں عیدالاضحیٰ کے تینوں ایام میں صفائی برقرار رکھنے کا محکمہ بلدیات کا آپریشن کامیابی کے ساتھ اختتام پذیر ہو گیا ہے۔ وزیر بلدیات ڈینٹان رفیق عید (بقیہ نمبر 28)

معاشی استحکام کیلئے تمام اتحادی جماعتیں اپنا کردار ادا کر رہی ہیں، وزیراعظم

دن رات محنت سے پاکستان کو دنیا میں اس کا کھویا ہوا مقام دلائیں گے، بجٹ میں عوام کو ریلیف دینے کیلئے ہر ممکن اقدامات اٹھائے

وزیراعظم شہباز شریف کا ملائیشیاء، کویت قازقستان کے سربراہان، چیئرمین جوائنٹ چیفز آف اسٹاف کمیٹی، پاک افواج کے سربراہان سے ٹیلیفونک رابطہ

صدر مملکت، گورنرز، وزرائے اعلیٰ، آزاد جموں و کشمیر کے صدر، وزیراعظم سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں سے ٹیلیفونک رابطے، عیدالاضحیٰ کی مبارکباد دی

مسلم ممالک کے رہنماؤں سے رابطوں میں تعلقات کی مضبوطی، غزہ میں مستقل جنگ بندی کے لیے کوششوں کو دوگنا کرنے پر اتفاق

شہباز شریف نے ملائیشین وزیراعظم انور ابراہیم، جمہوریہ قازقستان کے صدر قاسم جو مارت توکائیو، کویتی وزیراعظم شیخ احمد عبداللہ کو ٹیلیفون کیا

لاہور (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے عید الاضحیٰ کے موقع پر ملائیشیاء، کویت قازقستان کے سربراہان، چیئرمین جوائنٹ چیفز آف اسٹاف کمیٹی، پاک افواج کے سربراہان، صدر مملکت، صوبوں کے گورنرز، وزرائے اعلیٰ آزاد جموں و کشمیر کے صدر اور وزیراعظم عوام نے سنت ابراہیمی کی پیروی میں اپنے جانور اللہ کی راہ میں قربان کئے۔ تفصیلات کے مطابق 10 ذی الحج 1445 کو تاج پاکستان بھر میں جوش و جذبے کے ساتھ منائی گئی، اس موقع پر اور سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں سے ٹیلیفونک رابطے، پاک افواج کے سربراہان، صدر مملکت صوبوں کے گورنرز، وزرائے اعلیٰ آزاد جموں و کشمیر کے صدر اور وزیراعظم نے ملائیشیا، کویت قازقستان کے صدر قاسم جو مارت توکائیو، کویتی وزیراعظم شیخ احمد عبداللہ کو ٹیلیفون کیا وزیراعظم شہباز شریف نے عید الاضحیٰ کے موقع پر ملائیشیاء، کویت قازقستان کے سربراہان، چیئرمین جوائنٹ چیفز آف اسٹاف کمیٹی، پاک افواج کے سربراہان، صدر مملکت، صوبوں کے گورنرز، وزرائے اعلیٰ آزاد جموں و کشمیر کے صدر اور وزیراعظم سے ٹیلیفونک رابطہ، عیدالاضحیٰ کی مبارکباد دی مسلم ممالک کے رہنماؤں سے رابطوں میں تعلقات کی مضبوطی، غزہ میں مستقل جنگ بندی کے لیے کوششوں کو دوگنا کرنے پر اتفاق شہباز شریف نے ملائیشین وزیراعظم انور ابراہیم، جمہوریہ قازقستان کے صدر قاسم جو مارت توکائیو، کویتی وزیراعظم شیخ احمد عبداللہ کو ٹیلیفون کیا عیدالاضحیٰ کا مذہبی جوش و جذبے کے ساتھ منائی گئی اور دن کا آغاز مساجد میں امت مسلمہ کی بہتری، ملک کی ترقی، خوشحالی اور (بقیہ نمبر 4 5)

ملتان: چیئرمین سینٹ سید یوسف رضا گیلانی میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

چار سدہ موٹروے پر پاکستانی نژاد امریکی خاندان لٹ گیا

چار سدہ (این این آئی) چار سدہ موٹروے پر پاکستانی نژاد امریکی خاندان سے موبائل فون، زیور، پیسے اور سفری دستاویزات لے کر فرار ہو گئے۔ واقعے کی ایف (بقیہ نمبر 3 2)

کراچی، جولائی کے اوائل میں مون سون بارشوں کا امکان ہے

30 جون کو شمالی بحیرہ عرب پر درمیانی شدت کا کم دباؤ بننے کا امکان ہے

کراچی (این این آئی) کراچی میں جولائی کے اوائل میں مون سون بارشوں شروع ہونے کا امکان ہے۔ موسمیاتی تجزیہ کار کے مطابق 30 جون کو شمالی بحیرہ عرب پر درمیانی شدت کا کم دباؤ بننے کا امکان ہے۔ موسمیاتی تجزیہ کار کے مطابق یہ سسٹم یا تو جولائی (بقیہ نمبر 31)

عیدالاضحیٰ کے دوسرے روز صاف اسلام آباد مشن مکمل

مجموعی طور پر عید کے پہلے دو دن میں سی ڈی اے کے عملہ صفائی نے 144688 آلائشیں اٹھا کر سانحفک بنیادوں پر تلف کیں

وزیر داخلہ محسن نقوی کا صاف ماحول یقینی بنانے پر اظہار اطمینان، سی ڈی اے کے متعلقہ افسران اور عملے کو شاباش بھی دی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی خصوصی ہدایت پر عیدالاضحیٰ کے دوسرے روز صاف اسلام آباد مشن مکمل کر لیا گیا۔ سی ڈی اے کے ترجمان کے مطابق عید کے دوسرے روز 45688 آلائشیں تلف کی گئیں جبکہ 757.767 ٹن ویٹ تلف کیا گیا۔ (بقیہ نمبر 3 3)

لاہور: بادشاہی مسجد میں عیدالاضحیٰ کی نماز کی ادائیگی کے بعد خواتین دعا مانگ رہی ہیں

پاکستان بھر میں عیدالاضحیٰ مذہبی جوش و جذبے سے منائی گئی

دن کا آغاز مساجد میں امت مسلمہ کی بہتری، ملک کی ترقی، خوشحالی اور سلامتی کے لیے خصوصی دعاؤں کے ساتھ ہوا

علمائے کرام نے عید کے خطبات میں حضرت ابراہیم اور حضرت اسمٰعیل کی عظیم قربانی کے فلسفے کی اہمیت پر روشنی ڈالی

اسلام آباد (این این آئی) آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان سمیت پاکستان بھر میں عیدالاضحیٰ مذہبی جوش و جذبے کے ساتھ منائی گئی، اس موقع پر 10 ذی الحج 1445 کو تاج پاکستان بھر میں

معمولی تلخ کلامی پر نوعمر لڑکے نے پتھر مار کر اپنے ہم عمر لڑکے کو قتل کر دیا

پولیس نے مقتول کی نعش پوسٹمارٹم کے لئے تحویل میں لیکر تفتیش شروع کر دی

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا میں معمولی تلخ کلامی پر نوعمر لڑکے نے پتھر مار کر اپنے ہم عمر لڑکے کو قتل کر دیا اور فرار ہو گیا۔ پولیس نے مقتول کی نعش پوسٹمارٹم کے (بقیہ نمبر 46)

پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر نواز شریف عیدالاضحیٰ کی نماز کی ادائیگی کے بعد دعا مانگ رہے ہیں

بانی پی ٹی آئی کرپشن کے میگا سکینڈلز میں مجرم ڈکلیئر ہیں

بانی پی ٹی آئی کسی بل میں نہیں چھپے جن کو کھونٹی ڈال سے باہر نکال لیا جائے گا، عظمیٰ بخاری

کرپشن کے میگا سکینڈلز میں مجرم ڈکلیئر ہیں، اپنے جرائم، ناکام بغاوت کا ملبہ مریم نواز پر مت ڈالیں، وزیر اطلاعات

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی کسی بل میں نہیں چھپے جن کو کھونٹی ڈال سے باہر نکال لیا جائے گا، بانی پی ٹی آئی کرپشن کے میگا سکینڈلز میں مجرم ڈکلیئر ہیں۔ اپنے جرائم، ناکام بغاوت کا ملبہ اب مریم نواز پر مت ڈالیں۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ آپ لوگ ایک جعلی انقلاب، قومی کی ناکام بغاوت سے بھی لانے میں بری طرح ایکسپوز ہوئے ہیں، اپنے جرائم اور (بقیہ نمبر 40)

ملتان: چیئرمین سینٹ سید یوسف رضا جیلانی افریقہ عیدالاضحیٰ در بارمومی بے شہید پر ادا کر رہے ہیں

شالیمار ایکسپریس کا ایئر کنڈیشنر خراب، مسافروں کا گرمی سے برا حال ہو گیا

کراچی (این این آئی) لاہور سے کراچی آنے والی ٹرین شالیمار ایکسپریس کا ایئر کنڈیشنر خراب ہو گیا۔ رحیم یار خان میں شدید گرمی میں مسافروں کی حالت غیر ہو گئی، جنہوں نے ریلوے پولیس اور گرگ کلکٹر کے سامنے احتجاج کیا۔ مسافروں نے کہا کہ کئی گھنٹوں سے اے سی خراب ہے، کوئی پوچھنے (بقیہ نمبر 7 4)

علی امین گنڈاپور نے لوڈشیڈنگ کو وفاق کا انتقامی حربہ قرار دیا

واپڈا خیبر پختونخوا کے ساتھ زیادتی کر رہا ہے، 12 گھنٹے سے زیادہ کسی فیڈر پر لوڈشیڈنگ نہیں ہونی چاہیے، وزیراعلیٰ کے پی کے

لوڈشیڈنگ ختم کرنا وفاقی حکومت کی ذمہ داری ہے، وفاقی حکومت اپنی ذمہ داری پوری نہیں کر رہی

ڈیرہ اسمٰعیل خان (این این آئی) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور نے لوڈشیڈنگ کو وفاقی کا انتقامی حربہ قرار دیا۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ واپڈا خیبر پختونخوا کے ساتھ زیادتی کر رہا ہے، 12 گھنٹے سے زیادہ کسی فیڈر پر لوڈشیڈنگ نہیں ہونی چاہیے۔ انہوں نے بتایا کہ لوڈشیڈنگ ختم کرنا وفاقی حکومت کی ذمہ داری ہے، وفاقی حکومت اپنی ذمہ داری پوری نہیں (بقیہ نمبر 5 3)

گیس سلنڈر کی دکان میں خوفناک دھماکوں سے آتشزدگی، متعدد افراد زخمی

سلنڈر میں دھماکے سے لگنے والی آگ نے دکان کو اپنی لپیٹ میں لے لیا، دیگر گیس سلنڈر بھی دھماکے سے پھٹ پڑے

لاہور (این این آئی) ملتان روڈ پر واقع گیس سلنڈری دکان میں ہونے والے دھماکوں کے بعد لگنے والی آگ پر قابو پا لیا گیا۔ ریسکیو 1122 اور پولیس کی بھاری نفری نے جائے حادثہ پر پہنچ کر آگ بجھانے کا عمل شروع کیا۔ ریسکیو ذرائع کا کہنا ہے کہ گیس سلنڈر میں دھماکے سے لگنے والی آگ نے پوری دکان کو اپنی لپیٹ میں لے لیا، بس کے بعد دیگر گیس سلنڈرز بھی دھماکے سے پھٹ پڑے۔ عینی شاہدین کے مطابق یکے بعد دیگرے دھماکوں کی آواز سنی گئی۔ دھماکوں کی آواز سے لوگوں میں خوف و ہراس پھیل گیا۔ دکان میں موجود گیس سلنڈرز پھٹنے سے آگ کی شدت مزید بڑھ گئی، بس پر رسکیو 1122 نے پیشہ ورانہ مہارت سے قابو پایا۔ اپنی کشمر لاہور رافیہ (بقیہ نمبر 9)

لیکسو کے عید پر بلاتعطل بجلی فراہمی کے دعوے دھرے رہ گئے

بیشتر علاقوں میں شدید گرمی میں بجلی کی بندش کی وجہ شہریوں کی چیخیں نکل گئیں

لاہور (یان این آئی) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی کی جانب سے عیدالاضحیٰ پر بلاتعطل بجلی فراہمی کے اعلان کے باوجود بیشتر علاقوں میں شدید گرمی میں بجلی کی بندش کی وجہ سے شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ لیکسو رنگین کے مختلف علاقوں میں بجلی کی لو (بقیہ نمبر 4 1)

پاکستان میں آزادی صحافت کی صورتحال ابتر ہے، آئی پی ایف

اسلام آباد (این این آئی) دنیا بھر میں آزادی صحافت کے لیے کام کرنے والی عالمی تنظیم انٹرنیشنل پریس انسٹی ٹیوٹ نے پاکستان میں آزادی صحافت کی صورتحال پر اظہار تشویش کیا ہے۔ اپنے بیان میں عالمی تنظیم نے کہا کہ ایک طرف پاکستان میں صحافیوں (بقیہ نمبر 36)

پاک افغان شاہراہ پر صحافی خلیل جبران کی میت رکھ کر احتجاج

خیبر پختونخوا کے ضلع خیبر میں صحافی خلیل جبران کے قتل کا مقدمہ تھانہ لنڈی کوتل میں درج

خیبر (این این آئی) پاک افغان شاہراہ پر صحافی خلیل جبران کی میت رکھ کر احتجاج کیا گیا۔ احتجاج میں صحافی برادری، سیاسی اور سماجی شخصیات نے شرکت کی۔ مظاہرین نے کہا کہ صحافی خلیل جبران کے قاتلوں کو فوری گرفتار کیا جائے۔ بعد ازاں متقول (بقیہ نمبر 4 2)

گورنر سندھ کامران خان تسوری عیدالاضحیٰ کی نماز کی ادائیگی کے بعد میڈیا سے بات چیت کر رہے ہیں

راولپنڈی، گھر میں گیس لیکج سے دھماکا، 7 افراد زخمی

زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے جن میں بچے اور خواتین بھی شامل ہیں

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی کے علاقے وارث خان میں گھر میں گیس لیکج سے دھماکے کے نتیجے میں 7 افراد زخمی ہو گئے۔ ریسکیو کے مطابق گیلی میں گیس لیکج جو گھر میں بھی چلی گئی، (بقیہ نمبر 51)

حجرہ شاہ مقیم کی دو حقیقی بہنیں چوک ٹریفک حادثہ میں جاں بحق

دوسرے حادثہ میں باپ، بیٹا زخمی ہسپتال چوکی منتقل کر دیا گیا

چوکی (این این آئی) چوکی عیدگی خوشیاں ماتم میں تبدیل، حجرہ شاہ مقیم کی دو حقیقی بہنیں چوکی ٹریفک حادثہ میں جاں بحق اور دوسرے حادثہ میں باپ، بیٹا زخمی ہسپتال چوکی منتقل۔ تحصیل چوکی

سرمد سرہسپتال کی ایمرجنسی میں بڑی تعداد میں شہری علاج معالجے کیلئے آئے ہوئے ہیں

راولپنڈی، گدھی کے دونوں کان کاٹنے کا واقعہ منظر عام پر آ گیا

راولپنڈی (این این آئی) ساکھو میں انوٹھی کی ٹانگ کاٹنے کے بعد راولپنڈی کی تھانہ روات کے علاقے ساکری میں گدھی کے دونوں کان کاٹنے کا واقعہ منظر عام پر آ گیا۔ تفصیلات کے مطابق شہری نجوبے نے ارشد محمود پر گدھی کے کان کاٹنے کا الزام لگا دیا۔ شہری (بقیہ نمبر 50)

اوکاڑہ، مشوی خاتون کو غیرت کے نام پر قتل کیا گیا، ڈی پی او

اوکاڑہ (این این آئی) اوکاڑہ میں مشوی خاتون کی لاش برآمد کر لی گئی، مقتولہ کو غیرت کے نام پر قتل کیا گیا ہے۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر (ڈی پی او) کے مطابق قصبہ 28 ڈرآمیں الموکی کی خاتون کی لاش مل گئی جبکہ ملزم کو گرفتار کر لیا گیا ہے۔ ڈی پی او کے مطابق (بقیہ نمبر 52)

کراچی، آلائشوں کی چیر پھاڑ کرنے پر 97 افراد گرفتار، مقدمات درج

کراچی (این این آئی) کراچی میں آلائشوں کی چیر پھاڑ کرنے والوں کی شامت آگئی، 97 افراد کو گرفتار کر کے مقدمات درج کر لیے گئے۔ سندھ پولیس نے عوامی مقامات پر آلائشیں پھینکنے اور اوجھڑی کی چیر پھاڑ کرنے والوں کے خلاف کارروائیاں تیز کر دیں۔ میئر کراچی مرتضیٰ وہاب نے اس (بقیہ نمبر 5 3)

کوئٹہ میں بچوں کی بھیک منگوانے والا گینگ پکڑا گیا

ملزمان کے قبضے سے 2 بچے بازیاب، 3 ملزمان گرفتار، مقدمہ درج

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں بچوں کی بھیک منگوانے والا گینگ پکڑا گیا۔ ملزمان کے قبضے سے 2 بچے بازیاب، 3 ملزمان گرفتار، مقدمہ درج کر لیا گیا۔ ایس ایچ او سرکلر روڈ کے مطابق ملزمان کے قبضے سے 2 بچے بازیاب کر لیے گئے۔ ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا۔ ایس ایچ او کے مطابق (بقیہ نمبر 53)

حکومت آئینی اور سیاسی جنگ پہلے ہی ہار چکی ہے، فواد چوہدری

تحریک انصاف کا فوکس اس وقت اپوزیشن اتحاد ہونا چاہیے

اسلام آباد (این این آئی) سابق وفاقی وزیر فواد چوہدری نے کہا ہے کہ موجودہ حکومت آئینی اور سیاسی جنگ پہلے ہی ہار چکی ہے۔ اپنے بیان میں فواد چوہدری نے کہا کہ حکومت کے جو حالات ہیں، انہوں نے کسی بات پر نہیں آنا۔ انہوں نے جماعت اسلامی اور محمود (بقیہ نمبر 7 3)

چیف سیٹیزن انٹیلی جنس کلکٹر ملک کلثوم ارزنین کوئٹہ میں عیدالاضحیٰ کے موقع پر صفائی ستھرائی کا جائزہ لے رہی ہیں

آئی ایم ایف پروگرام کیلئے سخت فیصلے کرنے جا رہے ہیں، رانا تنویر

بانی پی ٹی آئی عدلیہ سے متعلقہ کئی شخصیات کا پرانا لاڈلا، ملک کو کمزور کرنے والوں کو کھلی چھٹی پر ادارے غور کریں

مولانا فضل الرحمٰن مسلم لیگ (ن) کے فطری اتحادی، پی ٹی آئی سے اتحاد ہو بھی جائے تو زیادہ ورچ نہیں چلے گا

لاہور: جامعہ نعیمیہ میں اجتماعی قربانی کے دوران قصاب گائے کو ذبح کر رہے ہیں

مرد ہے (این این آئی) وفاقی وزیر صنعت و پیداوار رانا تنویر حسین نے کہا کہ آئی ایم ایف پروگرام کیلئے سخت فیصلے کرنے جا رہے ہیں، اس میں لگیں اگلے سال عوام کو فل ریلیف ملے گا، ماضی کی کوئی بات نہیں (ن) لیگ کی حکومت خوشحالی لے کر آئے گی، پہلے سو دن میں حکومت تاریخی ہنگامی پیکج لے کر آئی، شہباز شریف نے ملک کو دیوالیہ سے بچانے کا وعدہ پورا کیا، آئندہ کوئی ایسا پروگرام نہیں ہوگا جس کیلئے قرضہ لینا پڑے، بانی پی ٹی آئی عدلیہ سے متعلقہ کئی شخصیات کا پرانا لاڈلا ہے، اداروں کو کمزور کرنے اور سیاسی عدم استحکام کے فیزان کا کیٹر ورک نہ پہنچانا اداروں کی کارکردگی (بقیہ نمبر 39)

چین اور آسٹریلیا مثبت تعلقات کو فروغ دے سکتے ہیں، چینی میڈیا

بڑوں ممالک کا معیشت، تجارت اور عوامی سطح پر تعلقات کے شعبوں میں تعاون کے سلسلے پر اتفاق

بیجنگ (این این آئی) چین کے وزیراعظم لی چیانگ نے آسٹریلیا کے وزیراعظم کے سالانہ اجلاس کے خاتمے پر مشترکہ اعلامیہ جاری کیا اور معیشت، تجارت اور عوامی سطح پر (بقیہ نمبر 4 3)

تیز رفتار کار کی ٹکر سے تین موٹر سائیکل سوار افراد جاں بحق

تفتیش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے سپرد کر کے پولیس مصروف تفتیش ہے

سرگودھا (این این آئی) تیز رفتار کار کی ٹکر سے تین موٹر سائیکل سوار افراد جاں بحق ہو گئے۔ جن کی تفتیش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے سپرد کر کے پولیس مصروف تفتیش ہے۔ ذرائع سرگودھا رینج کے علاقہ سمانوالی سے کالاباغ روڈ پر ترقی شیل کے قریب تیز (بقیہ نمبر 4 4)

ABC Certified
MEMBER WUOJ
عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

اشاعت خاص



تحریر: احمد نعیم ملک

پنجاب حکومت

عید پر مثالی صفائی مہم

عیدالاضحیٰ تو پہلے بھی ہر سال آتی رہی ہے اور پھر گذر بھی جاتی تھی لیکن اس دفعہ عیدالاضحیٰ اس طرح منفرد رہی کہ پنجاب بھر میں تینوں دن نہ صرف شہروں، دیہاتوں، گلی محلوں کی عمومی صفائی پر خصوصی توجہ دی گئی بلکہ قربانی کے جانوروں کی باقیات اور آلائشوں کو بروقت ٹھکانے لگانے کا عمل بھی مثالی رہا۔ شدید ترین گرمی کے باوجود کہیں سے روایتی تعفن کی ناگوار بو نہیں آئی، سیوریج لائنیں بلاک نہیں ہوئیں اور نہ ہی کہیں کوڑے کرکٹ کے ڈھیر دیکھنے کو ملے۔ صوبہ بھر میں یہ انقلابی تبدیلی پہلی دفعہ دیکھنے کو ملی جس کے پیچھے بڑی ذہانتیں گن فورس کا نام وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز کا آتا ہے۔ ذی الحجہ کا چاند نظر آتے ہی پنجاب حکومت نے عیدالاضحیٰ کے تینوں ایام کو زیرو ویسٹ بنانے کے منصوبے پر عملدرآمد شروع کر دیا۔ صوبائی سطح سے لے کر ڈویژنل، ضلعی اور تحصیل سطح تک وزیراعلیٰ کی سخت ہدایات پہنچ گئیں کہ صوبہ میں کسی جگہ گندگی اور جانوروں کی باقیات نظر نہیں آنی چاہئیں۔ چنانچہ ہر سطح پر بروقت اجلاس شروع ہو گئے۔ صفائی پلان ترتیب دے دیے گئے، ہر کمشنر، ڈپٹی کمشنر، اسسٹنٹ کمشنر اور چیف آفیسر کو ذمہ داریاں سونپ دی گئیں۔ وزیراعلیٰ نے صفائی مہم کی سخت نگرانی کے لئے صوبائی کنٹرول روم قائم کر کے شہریوں کو شکایات کے لیے ہیلپ لائن نمبر 1198 دے دیا جس پر شہری چوبیس گھنٹے میں کسی بھی وقت اپنے علاقے کی صفائی نہ ہونے کی صورت میں شکائت کر سکتے تھے۔

وزیراعلیٰ پنجاب کی ان ہدایات پر سرگودھا ڈویژن میں بھی موثر عملدرآمد کیا گیا۔ کمشنر سرگودہا ڈویژن محمد اجمل بھٹی نے اس ضمن میں 13 جون کو عید کی تیاریوں اور صفائی آپریشن کے ایک جائزہ اجلاس میں ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ "تمام میڈیکل افسران کو ذمہ دارانہ عملدرآمد یقینی بنانے کی تاکید کرتے ہوئے کہا کہ ڈویژن بھر کو زیرو ویسٹ بنانا ہم سب کی ذمہ داری ہے۔ اس ضمن میں میڈیکل ادارے اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں انجام دیں۔ عیدالاضحیٰ پر انتظامی و حفاظتی اقدامات میں کوئی خلا نہیں رہنا چاہیے۔ تینوں ایام میں صفائی ایک چیلنج ہوگا۔ ڈپٹی کمشنرز تمام انتظامات کو یقینی یقینی بنائیں۔ شہریوں کو گھروں پر جا کر بائیو گریڈ ایبل بیگز فراہم کیے جائیں۔ تمام شہروں اور بڑے ٹاؤنز میں قربانی کے جانوروں کی ایس او پیز کے تحت تدفین کے لیے خندقیں بنائی جائیں۔ عید کے ایام میں کنٹرول روم اور ہیلپ لائن پر موصول شکایات کے فوری تدارک یقینی بنائے کے لیے خصوصی ٹیمیں تشکیل دی جائیں۔ تمام ڈپٹی کمشنر، اسسٹنٹ کمشنر اور میونسپل افسران عید کے ایام میں فیلڈ میں موجود ہونے چاہیے"۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر سرگودہا کیپٹن ریٹائرڈ اورنگزیب حیدر خان، ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ، سی او ضلع کونسل اور سی او میونسپل کارپوریشن کے علاوہ خوشاب، میانوالی اور بھکر کے ڈپٹی کمشنروں، اسسٹنٹ کمشنروں اور دیگر میونسپل افسران نے ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت کی۔ کمشنر نے کہا کہ عید آپریشن کے لیے ستھرا پنجاب کی کمیٹیوں کو بھی ذمہ داری تفویض کی جائیں۔ عوام الناس میں عید پر صفائی ستھرائی اور قربانی کے جانوروں کی باقیات کو مناسب انداز میں تلف کرنے کے لیے سوشل و پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا کو استعمال میں لایا جائے۔ افرادی قوت اور درکار مشینری کا فوری انتظام یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ عید کے تینوں ایام میں قربانی کے جانوروں کو پہلے دن کھانا فراہم کرنے کی بھی ہدایت کی۔ کمشنر نے کہا کہ محکمہ داخلہ پنجاب نے عیدالاضحیٰ پر مختلف پابندیوں کا اطلاق کیا ہے جن میں عوامی مقامات پر قربانی کے جانوروں کی سری پائے جلانے پر پابندی عائد، دریاؤں، نہروں، بڑی نالوں میں نہانے پر پابندی، نہروں، مین ہولز اور ڈرینج میں قربانی کے جانوروں کی الائشیں پھینکنے پر بھی دفعہ 144 کا نفاذ، جس پر سختی سے عمل درآمد یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ گلی محلے کے جھولوں پر بھی پابندی ہوگی اور تمام تفریح مقامات پر ٹول پروف انتظامات اور پارکوں کے جھولوں کے فٹنس سرٹیفکیٹس حاصل کیے جائیں۔ کمشنر نے کہا عیدالاضحیٰ پر صفائی مقابلے میں سرگودہا کے چاروں اضلاع ٹاپ پوزیشن پر نظر آنے چاہئیں۔ محمد اجمل بھٹی نے کہا کہ مقرر کردہ سلاٹر پوائنٹس اور مویشی منڈیوں کے علاوہ شہری حدود میں مویشیوں کی خرید و فروخت کی سختی سے حوصلہ شکنی کی جائے۔ انہوں نے کہا عید گاہوں، مساجد، امام بارگاہوں کو عید کے ایام میں مراکز صحت پر ڈاکٹرز اور پیرا میڈیکل اسٹاف ڈیوٹی پر موجود ہونا چاہیے۔ اجلاس میں چاروں ڈپٹی کمشنروں نے عید آپریشن کی تیاریوں کے بارے آگاہ کیا۔ وزیراعلیٰ اور کمشنر کی ہدایات کے مطابق ڈویژنل و ضلعی انتظامیہ عیدالاضحیٰ کے پہلے روز ہی شہریوں کو تعفن سے پاک ماحول فراہم کرنے کے لیے خود فیلڈ میں موجود تھی۔ کمشنر محمد اجمل بھٹی اور ڈپٹی کمشنر کیپٹن ریٹائرڈ اورنگزیب حیدر خان نے سرگودھا شہر کے مختلف علاقوں کا دورہ کیا۔ شہریوں میں قربانی کے جانوروں کی آلائشوں کو محفوظ طریقے سے ٹھکانے لگانے کے لیے بائیو ڈی گریڈ ایبل شاپنگ بیگز تقسیم کیے گئے۔ دونوں افسران کا عید گاہوں اور مختلف مساجد و امام بارگاہوں کا دورہ بھی کیا۔ انہوں نے عید کی نماز کی ادائیگی کے لیے صفائی ستھرائی اور سکیورٹی انتظامات کا جائزہ بھی لیا۔ کمشنر اور ڈپٹی کمشنر نے ڈمپنگ سائٹ کا معائینہ بھی کیا۔ جانوروں کی آلائشوں کو نہروں اور نالوں میں پھینکنے پر پابندی عائد کر دی گئی۔ سری پائے بھونے کا غیر قانونی کاروبار پر بھی دفعہ 144 عائد تھی۔ شہریوں کو عید پر شہر کو صاف ستھرا بنانے کے جامع پلان پر عمل درآمد ہوتا نظر آ رہا تھا۔ دیہاتوں میں بھی صفائی آپریشن عید کے تینوں ایام میں جاری رہا۔ ڈپٹی کمشنروں نے اپنے اپنے ضلع میں یہی عمل دہراتے ہوئے عملہ صفائی تعین آپریشن کیلئے گلی محلوں کی سطح پر متحرک کر دیا۔ پہلے مرحلہ میں عید گاہوں، مساجد اور امام بارگاہوں میں صفائی ستھرائی کا عمل مکمل کیا گیا تھا۔ بہترین انتظامات کی بدولت ڈویژن بھر میں عیدالاضحیٰ کے اجتماعات بخیر و عافیت اختتام پذیر ہوا۔ دوسرے مرحلہ میں ضلعوں کی سطح پر بھی اسسٹنٹ کمشنر کی نگرانی میں عملہ صفائی قربانی کے جانور کی آلائشوں کو بروقت ٹھکانے لگانے کیلئے سرگرم رہا۔ کمشنر و ایڈمنسٹریٹر میونسپل کارپوریشن محمد اجمل بھٹی نے سرگودھا شہر کا خود دورہ کیا۔ صفائی آپریشن کا تفصیلی جائزہ لیا اور سخت گرمی میں صفائی امور انجام دینے والے ورکرز کا حوصلہ بڑھایا۔ انہوں نے سینیٹری ورکرز کے ہمراہ دوپہر کا کھانا بھی کھایا۔ ایک نگرانی میں چاروں اضلاع میں صفائی آپریشن بھرپور انداز میں جاری رہا۔ انہوں نے ایک دفعہ پھر سخت ہدایات کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ زیرو ویسٹ کو یقینی بنانے تک تمام ذمہ داران افسران اور فیلڈ سٹاف متحرک رہے گا۔ شہری بھی تعاون کریں اور قربانی کے جانوروں کی آلائشوں کو مخصوص مقامات پر رکھیں۔ عیدالاضحیٰ کے دوسرے روز میونسپل کارپوریشن کا شہر کو زیرو ویسٹ بنانے کا آپریشن بھرپور انداز میں جاری رہا۔ کمشنر و ایڈمنسٹریٹر میونسپل کارپوریشن محمد اجمل بھٹی، ڈپٹی کمشنر کیپٹن ریٹائرڈ اورنگزیب حیدر خان اور سی او ایم سی طارق پردیا سمیت دیگر افسران خود فیلڈ میں موجود رہے۔ دوسرے روز صفائی آپریشن میں 44 چنگ پی رکشہ، 6 پک اپ، 4 ڈمپر، 15 ٹریکٹر ٹرالیاں اور 8 لوڈرز سمیت دیگر بھاری مشینری استعمال میں لائی گئی۔ 4 سو سے زائد سینیٹری ورکرز نے پہلے روز تقریباً 2800 میٹرک ٹن آلائشوں کو ڈمپنگ سائٹ پر منتقل کیا۔ شہر سے باہر چک نمبر 91 اور بھال چکیاں پر قربانی کے جانوروں کی آلائشوں کو محفوظ طریقے سے ٹھکانے لگانے کی ڈمپنگ سائٹس بنائی گئی تھیں۔ کمشنر و ایڈمنسٹریٹر نے صبح سے رات گئے تک بغیر تعطل کے کام کرنے والے ورکرز کو خراج تحسین پیش کیا۔ کمشنر محمد اجمل بھٹی نے سرگودہا ڈویژن کو زیرو ویسٹ بنانے اور سخت موسم میں شہریوں کو صاف ستھرا ماحول فراہم کرنے والے بلدیہ ورکرز کو خراج تحسین پیش کیا۔ آخری مرحلے میں سڑکوں کو دھونے اور صرف گلاب کے چھڑکاؤ بھی کیا گیا۔ اس طرح پنجاب بھر میں ایک بڑا عوام دوست منصوبہ کامیابی سے پایہ تکمیل کو پہنچا۔ جسکی وجہ سے عوام کو پہلی دفعہ عام حالات سے بھی زیادہ بہتر معیار کا صاف ستھرا ماحول ملا۔ بلاشبہ یہ تین روزہ مہم وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز، چیف سیکریٹری پنجاب اور انکے تمام رفقائے کار کے بہترین ٹیم ورک کی ایک اعلیٰ مثال ہے جو یہ سبق دیتی ہے کہ اگر خلوص نیت اور محنت سے کوئی چیلنج قبول کیا جائے تو اس میں کامیابی ضرور ملتی ہے۔

سرگودہا ۔ڈپٹی کمشنر کیپٹن ریٹائرڈ اورنگزیب حیدر خان عید انتظامات اور وزیر اعلیٰ انیشیٹوز کے بارے ایک اجلاس کررہے ہیں۔

وزیراعلیٰ مریم نواز کی ہدائت پر عید کے موقع پر ہر شہر اور گاؤں میں صفائی کے مثالی انتظامات کیے گئے

سرگودہا ۔ ڈپٹی کمشنر کیپٹن ریٹائرڈ اورنگزیب حیدر خان شہریوں میں قربانی کے جانوروں کی الانشوں کو رکھنے کے لیے شاپنگ بیگز تقسیم کررہے ہیں۔

سرگودہا ۔ کمشنر و ایڈمنسٹریٹر میونسپل کارپوریشن محمد اجمل بھٹی زیر تعمیر واٹر سپلائی پارک اور مشن روڈ سیور لائن کا معائینہ کررہے ہیں ۔

سرگودہا ۔ کمشنر محمد اجمل بھٹی اور ڈپٹی کمشنر کیپٹن ریٹائرڈ اورنگزیب حیدر خان شہریوں میں قربانی کے جانوروں کی الانشوں کو رکھنے کے لیے شاپنگ بیگز تقسیم کررہے ہیں۔ دوسری جانب ڈمپنگ سائٹ کا معائینہ کررہے ہیں۔



ہزار میٹرک ٹن، ایم سی بھلوال نے 120 میٹرک ٹن، ایم سی شاہ پور نے 10 میٹرک ٹن، ایم سی سلانوالی نے 16 میٹرک ٹن، ایم سی ساہیوال نے 8 میٹرک ٹن، ایم سی کوٹ مومن نے میٹرک ٹن، ضلع کونسل نے 11 میٹرک ٹن ایم سی بھیرہ نے 38 میٹرک ٹن جبکہ یونین کونسلز عملہ نے 345 میٹرک ٹن آلائشوں کو ٹھکانے لگایا۔ صفائی آپریشن میں میونسپل کارپوریشن کے 4 سو سینیٹری ورکرز سمیت مجموعی طور 2 ہزار ورکرز نے حصہ لیا۔ عید کے تیسرے روز سہ پہر چار بجے تک میونسپل کارپوریشن نے 8 سو آلائشوں کو ڈمپنگ سائٹ پر منتقل کیا۔ ضلعی کنٹرول روم میں اب تک 4 سو کے قریب شکایات موصول ہوئیں جو تمام بروقت نمٹا دی گئیں۔ کمشنر محمد اجمل بھٹی کے ساتھ تمام ڈپٹی کمشنر، اسسٹنٹ کمشنر، سی او ز سمیت دیگر میونسپل افسران خود فیلڈ میں متحرک رہے۔ کمشنر محمد اجمل بھٹی نے سرگودہا ڈویژن کو زیرو ویسٹ بنانے اور سخت موسم میں شہریوں کو صاف ستھرا ماحول فراہم کرنے والے بلدیہ ورکرز کو خراج تحسین پیش کیا۔ آخری مرحلے میں سڑکوں کو دھونے اور صرف گلاب کے چھڑکاؤ بھی کیا گیا۔ اس طرح پنجاب بھر میں ایک بڑا عوام دوست منصوبہ کامیابی سے پایہ تکمیل کو پہنچا۔ جسکی وجہ سے عوام کو پہلی دفعہ عام حالات سے بھی زیادہ بہتر معیار کا صاف ستھرا ماحول ملا۔ بلاشبہ یہ تین روزہ مہم وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز، چیف سیکریٹری پنجاب اور انکے تمام رفقائے کار کے بہترین ٹیم ورک کی ایک اعلیٰ مثال ہے جو یہ سبق دیتی ہے کہ اگر خلوص نیت اور محنت سے کوئی چیلنج قبول کیا جائے تو اس میں کامیابی ضرور ملتی ہے۔

Daily Awami Lalkaar Rawalpindi

بقیہ 1

نے اپنے چیف جسٹس کے 2017 کے فیصلے کو دوہرایا کہ رانا ثناءاللہ نے کہا کہ پاکستان کیوجہ سے ممالک کو بلیک لسٹ کیا گیا ہے اس کے باوجود رانا ثناءاللہ کی سابقہ اور موجودہ حکومت اور ان کی اتحادی پارٹی پی ڈی ایم نے ہمیشہ کی طرح اپنے مفاد کو ملک اور عوام کے مفاد پر ترجیح دی ہے۔ موجودہ حکومت کو 23 فروری کو بجٹ اور بارہ مالیہ کو 30 جون تک پاس کرنا ہے جبکہ بجٹ سیشن کو 5 جون کو بلایا گیا ہے۔ اس کے باوجود حکومت کے وزیر اعظم شہباز شریف کا اپنے کابینہ کے ساتھ 24 جون بروز سوموار ایسا اہم اجلاس کی کل میں تمام ٹی وی چینلز پر اور سوشل میڈیا پر اس کا براہ راست دکھایا جانا اس بات کا ثبوت ہے کہ حکومت کی سنجیدگی کا فقدان ہے اگر ان کے وزراء کو اپنے اپنے محکموں کی کارکردگی کا جائزہ لینا ہے تو یہ اجلاس کی کل میں تمام چیف ایگزیکٹو کی کل میں تمام

پیپلز پارٹی کی مکمل تجاویز کے ساتھ بجٹ فائنل ہو گا، رانا ثناء اللہ

بجٹ تجویز ہوتا ہے پارلیمنٹ میں بجٹ ہوتی ہے، پارلیمنٹ تیس جون سے پہلے بجٹ پاس کرے گی، مشیر وزیراعظم

فیصل آباد (این این آئی) وزیراعظم کے سیاسی مشیر رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی کی مکمل تجاویز کے ساتھ بجٹ فائنل ہوگا۔ نماز عید کے بعد میڈیا سے گفتگو میں رانا ثناء اللہ نے کہا کہ بجٹ تجویز ہوتا ہے پارلیمنٹ میں بجٹ ہوتی ہے۔ پارلیمنٹ تیس جون سے پہلے بجٹ پاس کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم ایک مہینے بعد دوبارہ قوم سے خطاب کریں گے، دھرنے کے مطالبے کا تعلق انرجا بات میں لائی جانیگی۔ رانا ثناء اللہ نے کہا کہ سسٹم لوگ ہیں نہ کہ جب ملک کو ایم ایف کی شرائط کو زیادہ سخت تھیں، بجلی بحران کی ذمہ داری ان پر ہے جنہوں (بقیہ نمبر 1)

تیس اگست تک سیاست سے دور ہوں، شیخ رشید احمد

لوگ بجلی کے بل، بچوں کے اسکولوں کی فیسیں نہیں دے سکتے ہیں، میڈیا سے گفتگو

راولپنڈی (این این آئی) سابق وزیر داخلہ شیخ رشید احمد نے کہا ہے کہ وہ تیس اگست تک سیاست سے دور ہیں۔ شیخ رشید نے نماز عید کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بجٹ میں کمریں

لاہور: وزیراعظم محمد شہباز شریف عید الاضحیٰ کی نماز ادا کر رہے ہیں

لسبیلہ، پولیس موبائل کو حادثہ، 5 اہلکار جاں بحق، 2 زخمی

حادثے میں 4 پولیس اہلکار جاں بحق اور 2 زخمی ہوئے ہیں

لسبیلہ (این این آئی) ضلع سمجھ کے قریب ایس ایس پی لسبیلہ کے اسکواڈ میں شامل موبائل کو حادثے کے نتیجے میں 4 پولیس اہلکار جاں بحق اور 2 زخمی ہوگئے، ہسپتال انتظامیہ نے بلاتوں اور زخمیوں کی تصدیق کردی ہے۔ پولیس کے مطابق زخمیوں اور جاں بحق اہلکاروں کی لاشیں ڈی ایچ کیو ہسپتال اوتھل منتقل کردی گئیں۔ پولیس موبائل کو (بقیہ نمبر 5)

اللہ تعالیٰ پاکستان کو دشمنوں کے مذموم عزائم سے محفوظ رکھے

مسلح افواج، چیئرمین جوائنٹ چیفس، سربراہ مجلس کی قوم کو عید کی مبارکباد

راولپنڈی (این این آئی) مسلح افواج، چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کمیٹی اور سربراہ مجلس نے تمام پاکستانیوں کو عید الاضحیٰ کی مبارکباد دی ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق یہ مقدس دن عقیدت اور جذبے کے ساتھ منایا جا رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں عید الاضحیٰ کے موقع پر دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ پاکستان کو ہر قسم کے دشمنوں کے مذموم عزائم سے محفوظ رکھے۔ پاکستان کی مسلح افواج ملک کی سلامتی کے لیے ہر وقت تیار ہیں۔ عید الاضحیٰ کے موقع پر پاکستان کی مسلح افواج کے جوان ملک کی سرحدوں پر چوکس ہیں۔